باب نمبر 10

آیاتِ ختمِ نبوّت

افادات

ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی صاحب

اویسی بک سٹال

جامع مسجد رضائے مجتبیٰ پیپلز کالونی گوجرانوالہ

السلام کی ختم نبوت کا بیان کر رہا ہے۔

ان آیات کے ساتھ صرف ایک تمہید تھی' اس کے علاوہ بہت سی آیات ہیں۔ ایسے ہی ڈیڑھ سو احادیث براہ راست ختم نبوت کو ثابت کرتی ہیں۔ میں اپنی گفتگو کو سمیٹتے ہوئے یہ بات بھی واضح کرنا چاہتا ہوں کہ مرزا غلام احمد قادیانی کو کوئی محدث کہے یا اس کو کوئی مجدد کہے یا تو کوئی مہدی کہے یا کوئی مسیح کہے یا کوئی اس کو جھوٹا نبی کہے۔ یہ سارے معاملات تو بعد میں ہیں۔ کوئی نبی تب بنتا ہے جب اُس کا ایمان صحیح ہوتا ہے۔ یہ تو ایسا انسان ہے کہ اس کا اپنا ایمان ہی صحیح نہیں جو اپنے ایمان کے لحاظ سے پہلے ہی کافر تھا۔ کیا کافروں میں سے کوئی مہدی ہوتا ہے یا کافر بھی کوئی مجدد ہوتا ہے۔ کیا کافر بھی کوئی مسیح ہوتا ہے' کیا کافر بھی کوئی نبی ہوتا ہے۔ یہ شخص قطع نظر اس کے کہ دیگر دلائل کو دیکھا جائے۔ بذات خود اپنے عقیدے میں نبوت کے اعلان سے پہلے بھی اپنی حیثیت کے لحاظ سے جو بیان کر رہا تھا اس کا خود ایمان ہی نہیں تھا' ایمان ہوتا تو پھر اگر گنجائش ہوتی تو کچھ بن سکتا۔ یہاں تو گنجائش ہی نہیں ہے' ایمان کے لحاظ سے اُس کی صورتحال کیا تھی؟

اُس کی کتاب البریۃ کا صفحہ نمبر ۷۹ ہے۔

اس میں اُس نے اپنے آپ کو خدا بنا کے پیش کیا ہے۔ یعنی عمومی طور پر تو ہم اُس کو جھوٹا مدعی نبوت کہتے ہیں۔ وہ تو خدا بننے کے درپے تھا' اس نے واضح طور پر لکھ دیا کہتا ہے کشف میں میں نے دیکھا کہ خود خدا ہوں اور یقین کیا کہ وہی ہوں۔ اس حالت میں یہ کہہ رہا تھا ہم ایک نیا نظام ایک نیا آسمان ایک نئی زمین چاہتے ہیں' سو میں نے زمین و آسمان کو اجمالی صورت میں پیدا کر دیا۔

تو یہ غلام احمد قادیانی ہے جو اپنے آپ کو زمین و آسمان کا خالق بھی کہتا ہے اور اپنے آپ کو خدا بھی کہہ رہا ہے تو ایسا شخص تو انسان کہلوانے کا حق دار نہیں۔ چہ جائیکہ اُس کو مسلمان کہا جائے اور پھر مسلمان سے آگے جو عہدے ہیں۔ محدث مجدد یا اس طرح کے وہ اُس کو دیئے جائیں ۔ یہ تو انسانیت کی تعریف میں داخل ہی نہیں ہے ۔ کیونکہ کافروں کو حیوان کہا گیا ہے۔ بلکہ حیوانوں سے بھی بدتر کہا گیا ہے۔ یہ تو انسان کہلوانے کے قابل نہیں ۔ چہ جائیکہ اس کو آگے کوئی منصب دیا جائے تو ختم نبوت کے موضوع پر ایک مختصری گفتگو تھی۔ قادیانیت ایک ناسور ہے۔

قادیانیت سے پوچھا کفر نے تو کون ہے؟
کہنے لگی آپ ہی کی دلربا سالی ہوں میں

یہ قادیانیت کفر کی سالی ہے اور اس کے ہاتھ میں آری ہے جس کا مقصد اسلام کے درخت کو کاٹنا ہے۔ اللہ ان کو ان کے مذموم مقاصد میں ناکام فرمائے اور مسلم اُمہ کو اپنی غیرت وحمیت بیدار رکھتے ہوئے ان کا پوری طرح تعاقب کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

وآخر دعونا أنِ الحمد لله رب العالمين